# پریس ریلیز

**اسلام آباد 26 اکتوبر** 2017ء

اگریکلچر ڈویلپمنٹ بینک آف چائنا(ADBC) کے وفد نے زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے صدر دفتر اسلام آباد کا دورہ کیا جس کی قیادت جناب He Xingxiang, وائس پریذیڈنٹ نے کی۔ ZTBL کے صدر سید طلعت محمود اور میاں عامر حسین COO نے وفد کا استقبال کیا جبکہ بینک کے دیگر سینئر افسران نے میٹنگ میں شرکت کی۔

اس موقع پر بینک کے افسران نے وفد کو زراعت اور ڈیری فارمنگ کی ترقی میں ZTBL کے کردار اور اس سلسلے میں مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں تفصیلاً آگاہ کیا۔ میٹنگ میں دونوں ملکوں کے زرعی سیکٹر کی ترقی اور دیگر مشترکہ مفادات پر بھی بات ہوئی۔

اگریکلچر ڈویلپمنٹ بینک آف چائنا(ADBC) واحد بینک ہے جو کہ زرعی پالیسی پر مبنی ہے اور چین میں کونسل آف سٹیٹ کے زیرانتظام ہے۔ اس بینک کا مقصد زراعت کی ترقی اور دیہات کی معاشی بہتری ہے۔ یہ بات ADBC وفد کے ارکان نے صدر ZTBL اور بینک انتظامیہ کو دوران میٹنگ آگاہ کیا انہوں نے مزید بتایا کہ مستقبل میں CPEC کی زیر تحت زرعی سیکٹر پر دونوں ملکوں کے مابین تعاون کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

دونوں بینک باہمی اشتراک کے ضمن میں زراعت کی ترقی میں مدد فراہم کرنے کے لئے ماہرین کے تبادلہ خیال پر متفق ہوئے اور اس سلسلے میں دونوں ممالک کے مابین باہمی دوروں پر اتفاق کیا۔ اس سلسلے میں زراعت کی ترقی اور زرعی ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے مستقبل میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا جس کے تحت چین میں زراعت کی ترقی کو دیکھتے ہوئے پاکستان کی کسان برادری کو روشناس کروایا جا سکے۔

سعد ضیاء

انچارج (PR&MS)

پکچر کیپشن: اگریکلچر ڈویلپمنٹ بینک آف چائنا کا وفد زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) ہیڈ آفس کے دورے کے موقع پر سید طلعت محمود، صدر ZTBL کے ہمراہ